## عوام سے محبت کے دعویدار سیاسی و مذہبی رہنماؤں نے سندھ اور بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے صدارتی ریلیف فنڈ میں کتنا عطیہ دیا؟ رابطہ کمیٹی

## عوام سے محبت کا عملی ثبوت قائد تحریک الطاف حسین نے دیا جنہوں نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے صدارتی ریلیف فنڈ میں سب سے پہلے 50 لاکھ روپے کا عطیہ دیا

کراچی۔۔۔18، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ وہ سیاسی و مذہبی رہنما جوعوام سے محبت اور انکی خدمت بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں ان سے ہمارا سوال ہے کہ عوام سے محبت کے ان دعویداروں نے تمام تر سیاسی و مذہبی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر سندھ اور بلوچستان کے سیلاب کے نتیجے میں تباہ و برباد اور بے گھر ہوجانے والے خاندانوں کی امداد کیلئے صدارتی ریلیف فنڈ میں کتنا عطیہ دیا؟ اور فاقہ کشی اور کسمپرسی کی زندگی گزارنے والے ان مصیبت زدہ خاندانوں کی کتنی امداد کی؟ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک طرف تو عوام کے نام نہاد دعویدار رہنماؤں کا یہ مایوس کن کردار ہے اور دوسری طرف ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین ہیں جنہوں نے 8 اکتوبر 2005ء کو آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والے قیامت خیز زلزلہ کے بعد صدارتی ریلیف فنڈ میں سب سے پہلے 50 لاکھ روپے عطیہ دیا تھا اور حال ہی میں صوبہ سندھ اور بلوچستان میں آنے والے سیلاب کے بعد سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بھی صدارتی ریلیف فنڈ میں سب سے پہلے 50 لاکھ روپے کا عطیہ دیا۔اس کے علاوہ سندھ اور بلوچستان میں ایم کیو ایم کی جانب سے مسلسل امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام سے محبت کا عملی ثبوت اگر کسی نے دیا ہے تو وہ قائد تحریک الطاف حسین ہیں جبکہ عوام کی خدمت کے دعویدار سیاسی و مذہبی رہنما سندھ اور بلوچستان میں سیلاب زدگان کو مصیبت کے وقت میں بے یارومددگار چھوڑ کر غائب ہوگئے ہیں۔

## ایم کیو ایم کی جانب سے دادو کی تحصیل کے این شاہ اور میہڑ کے سیلاب زدگان میں غذائی اجناس کی تقسیم

دادو۔۔۔18، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے سندھ کے سیلابی ریلے سے متاثرہ ڈسٹرکٹ دادو کے غذائی اجناس سے محروم سیلابی متاثرین میں غذائی اجناس کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی غلام مرتضیٰ میمن نے ایم کیو ایم کی امدادی ٹیم کے ہمراہ دادو کی تحصیل خیر پور ناتھن شاہ کے گاؤں دل محمد لغاری، رسول بخش شر، چھتی میانی، گل محمد لغاری، حیات پلاڑی، قاسم کاٹھیو اور ڈوڑ کے متاثرین میں ایک ٹرک غذائی اجناس تقسیم کیں۔بعدازاں انہوں نے تحصیل میہڑ کے گاؤں یعقوب سولنگی، کمال پور، سعید پور، کنڈ وواہ، قادر بخش رند، ولی محمد رند، چھوڑ، متھی اکھ کڈیانی، میانی، گاڑھی اور گل محمد رند گاؤں متاثرین میں غذائی اجناس پر مشتمل ایک ٹرک تقسیم کیا۔غذائی جناس میں آٹا، چینی، دالیں، منرل واٹر، گھی، چنے، پاپے بسکٹ وغیر شامل ہیں جبکہ سیلابی ریلے سے متاثرہ افراد کو صاف پینے کا پانی جمع کرکے رکھنے کیلئے کولر بھی فراہم کئے گئے۔خیر پور ناتھن شاہ اور تحصیل میہڑ کے متاثرین کیلئے امدادی سامان پر مشتمل یہ دو ٹرک خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے صدر دفتر سے روانہ کئے گئے تھے۔کراچی کی طرح خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے دفتر سے سیلابی ریلے سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے غذائی اجناس اور امدادی سامان پر مشتمل کئی ٹرک روانہ کئے جاچکے ہیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے دفتر میں غذائی اجناس کی پیکنگ اور انہیں متاثرہ علاقوں کو روانہ کئے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔

## ایم کیو ایم کی جانب سے قمبر شہدادکوٹ کے متاثرہ متعدد گاؤں کے متاثرین میں غذائی اجناس تقسیم کی گئیں

قمبر شہدادکوٹ۔۔۔18، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قمبر شہدادکوٹ کی یوسی میر پور تحصیل وارہ کے گاؤں چولیانی، گاؤں گلگلوڑ واور تحصیل قمبر کے گاؤں جمال خان چانڈیو کے متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس تقسیم کی گئیں۔حق پرست رکن قومی اسمبلی نثار احمد پنہور، ایم کیو ایم قمبر شہداد کوٹ زونل کمیٹی کے انچارج واراکین اور امدادی ٹیم کے ارکان نے متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس تقسیم کیں۔یہ متاثرین گاؤں عبدالرسول بروہی، گاؤں لویو چھٹو اور گاؤں نظام الدین میں عارضی طور قیام پذیر ہیں اور انہیں غذائی قلت کا شدید سامنا تھا۔امدادی ٹیم کے ارکان نے تحصیل قمبر کے گاؤں جمال خان چانڈیو کے متاثرہ خاندانوں میں قمبر علی خان اسکول جاکر غذائی اجناس فراہم کیں۔دریں اثناء قمبر اور شہدادکوٹ میں سیلابی ریلے سے متاثرہ افراد کو علاج و معالجہ کی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ آج بھی جاری رہا۔اس سلسلے میں آج قمبر میں واقع گرلز ہائی اسکول کے باہر لگائے گئے طبی کیمپ پر سینکڑوں افراد نے رابطہ کیا جبکہ شہدادکوٹ میں لگائے گئے طبی کیمپ پر 450 مریضوں نے رابطہ کیا جنہیں ایم کیو ایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے تفصیلی معائنہ کے بعد ضروری ادویات بھی مفت فراہم کیں۔یاد رہے کہ شہدادکوٹ اور قمبر میں یہ طبی امدادی کیمپ 2 جولائی سے قائم ہیں اور اب تک ان کیمپوں سے 12000 مریض استفادہ کرچکے ہیں۔

## ایم کیو ایم کے صوبائی وزیر شعیب بخاری کی کوششوں سے لیاقت آباد میں بجلی کے 3 نئے فیڈر اسٹیشن کا افتتاح

## لیاقت آباد بی ون ایریا، سپر مارکیٹ اور لیاقت آباد نمبر 1 میں بجلی کے تعطل کا مسئلہ حل ہوگیا

کراچی۔۔۔18، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن اور صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ کی کوششوں سے لیاقت آباد میں بجلی کے نئے فیڈر اسٹیشن کی تنصیب کا کام مکمل ہوگیا جس کے نتیجے میں لیاقت آباد بی ون ایریا یوسی 4، سپر مارکیٹ یوسی 3 اور لیاقت آباد نمبر 1 میں بجلی کے تعطل کا مسئلہ حل ہوگیا ہے۔فیڈر اسٹیشن کا افتتاح شعیب بخاری ایڈووکیٹ نے کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی خالد بن ولایت ایڈووکیٹ، لیاقت آباد کے ٹاؤن ناظم حافظ اسامہ قادری، کے ای ایس سی کے افسران آفتاب احمد، عاشق مغل، اعجاز احمد، لطیف اور طاہر بھی موجود تھے۔یہ فیڈر اسٹیشن جدید طرز پر بنائے گئے ہیں اور ان میں PMT اڑنے کے باوجود علاقوں میں بجلی کی ترسیل کیلئے متبادل انتظام رکھا گیا ہے۔فیڈر اسٹیشنوں کے افتتاح پر علاقے کے عوام نے حق پرست نمائندوں کا شکریہ ادا کیا اور عوامی مسائل کے حل کیلئے ان کی عملی کاوشوں کا سراہا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے شعیب بخاری نے کہا کہ شہر میں بجلی کے مسائل کے حل کیلئے حق پرست نمائندے بھرپور کوششیں کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ فیڈرل بی ایریا میں بھی بجلی کے تعطل کو ختم کرنے کیلئے گرڈ اسٹیشن قائم کرنے کیلئے بھرپور کوششیں کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہر کی رونقیں بجلی کی مستقل فراہمی کے باعث ہی قائم رہ سکتی ہیں اور انشاءاللہ حق پرست نمائندے شہر کی رونقیں بحال رکھنے کیلئے اس سلسلے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

## ایم کیو ایم کیماڑی سیکٹر کے یونٹ انچارج عبداللہ کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کیماڑی سیکٹر یونٹ UC-3 کے یونٹ انچارج عبداللہ کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

☆☆☆☆☆